City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA


# News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga

## Mississauga میں پہلی بار ووٹ ڈال رہے ہیں؟ ہم مدد کے لیے حاضر خدمت ہیں

سٹی آف Mississauga اپنے 26 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں پہلی بار ووٹ ڈالنے والے ووٹرز کو تیار ہونے میں مدد فراہم کر رہا ہے۔

2 جولائی 2026




ووٹ ڈال کر آپ ان لوگوں کے انتخاب میں حصہ لے رہے ہوتے ہیں جو آپ کی روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی خدمات سے متعلق فیصلے کرتے۔ ان میں سڑکوں، عوامی نقل و حمل، پارکس، لائبریریوں، تفریحی پروگراموں، رہائشوں اور ٹیکس کی رقم خرچ کرنے کے طریقوں سے متعلق فیصلے شامل ہوتے ہیں۔


Mississauga کینیڈا کے سب سے زیادہ متنوع شہروں میں سے ایک ہے۔ مزید رہائشیوں کو ووٹ ڈالنے کے لیے تیار محسوس کروانے کے لیے، سٹی آف Mississauga انتخابات سے متعلق واضح اور آسان معلومات ان زبانوں میں فراہم کر رہا ہے جو Mississauga میں عام طور پر بولی جاتی ہیں۔ ان میں عربی، فرانسیسی، پولش، پنجابی، روایتی چینی اور اردو زبانیں شامل ہیں۔

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

# News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga x.com/citymississauga




## ووٹ ڈالنے کے لیے معاونتیں دستیاب ہیں

سٹی یقینی بنانا چاہتا ہے کہ ہر شخص آسانی سے ووٹ ڈال سکے۔ پولنگ کے قابل رسائی مقامات، ووٹنگ ٹیکنالوجی، معاون آلات اور تربیت یافتہ انتخابی عملے جیسی مدد دستیاب ہے۔ اگر آپ پہلی بار ووٹ ڈال رہے ہیں، تو اس عمل میں آپ کی رہنمائی کے لیے تین آسان مراحل ہیں۔ ان پر عمل کریں تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے کہ آپ نے اپنے ساتھ کیا لانا ہے اور آپ ووٹ ڈالنے کے لیے تیار محسوس کر سکیں۔

## Mississauga میں نئے ہیں یا پہلی بار ووٹ ڈال رہے ہیں؟ اس کی تیاری کے لیے یہ تین آسان مراحل ہیں

1. کیا آپ 2026 کے بلدیاتی انتخابات میں ووٹ ڈال سکتے ہیں؟

انتخابات کے دن سے پہلے یہ لازمی چیک کریں کہ آپ ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ یہ بھی چیک کریں کہ آپ کی معلومات ووٹرز کی فہرست میں موجود ہیں۔ اگر آپ کا نام ووٹرز کی فہرست میں موجود ہے، تو آپ کا ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ ستمبر 2026 میں ڈاک کے ذریعے آپ کو بھیج دیا جائے گا۔ ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ پر یہ درج ہو گا کہ آپ کب اور کہاں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ یہ کارڈ اپنے ساتھ لانے سے ووٹ ڈالنے کا عمل زیادہ تیز ہو جائے گا۔ کون ووٹ ڈالنے کا اہل ہے، ووٹرز کی فہرست اور ووٹر نوٹیفکیشن کارڈز سے متعلق مزید معلومات کے لیے mississauga.ca/elections ملاحظہ کریں۔

2. پیشگی منصوبہ بندی کریں

گھر سے نکلنے سے پہلے تیاری کرنے سے آپ ووٹ ڈالنے کے عمل کو اپنے لیے مزید آسان بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ڈاک کے ذریعے ووٹر نوٹیفکیشن کارڈ موصول ہو گیا ہو، تو اسے اپنے ساتھ لے کر جائیں اور اپنے سفر کی پہلے سے

منصوبہ بندی بھی کر لیں۔ جانے سے پہلے معلوم کر لیں کہ آپ کہاں پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ اپنے لیے اضافی وقت رکھیں۔ قطاروں کی وجہ سے آپ کو انتظار کرنا پڑ سکتا ہے، اس لیے اس کے لیے ذہنی طور پر تیار رہیں۔ جب آپ پولنگ کے مقام پر پہنچیں گے، تو ووٹنگ ایریا تک پہنچنے کے لیے ووٹنگ اور رہنمائی کے نشانات پر توجہ دیں۔

3. ووٹ ڈالنے کے لیے اپنے ساتھ کیا لے کر جائیں

جب آپ پولنگ کے مقام پر جا رہے ہوں، تو اپنے ساتھ اونٹاریو حکومت کی منظور شدہ شناختی دستاویزات (ID) کی فہرست میں شامل ایسی ایک شناختی دستاویز ساتھ لے کر جائیں جس پر آپ کا نام اور پتہ درج ہو۔ پیشگی ووٹنگ کے دوران — یعنی 26 اکتوبر سے پہلے ووٹ ڈالنے کے لیے مقرر کردہ تاریخوں میں — آپ Mississauga کے کسی بھی پولنگ مقام پر ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ انتخابات کے دن پر، آپ کو اسی وارڈ میں ہی ووٹ ڈالنا ہو گا جہاں آپ رہتے ہیں یا آپ کی ملکیت میں کوئی پراپرٹی موجود ہے۔

منظور شدہ شناختی دستاویزات کی چند مثالیں یہ ہیں:

- اونٹاریو کا ڈرائیورز لائسنس
- اونٹاریو کا فوٹو کارڈ
- چیک یا بینک کی دستاویز
- انشورنس کی اسٹیٹمنٹ
- ووٹر کی شناختی دستاویزات کی فہرست میں شامل کوئی بھی اور دستاویز

## کسی اور (پراکسی) کے ذریعے ووٹ دینا

اگر آپ خود جا کر ووٹ نہیں ڈال سکتے، تو آپ اپنی طرف سے کسی دوسرے شخص کو بھی ووٹ ڈالنے کا اختیار دے سکتے ہیں۔ اسے پراکسی کے ذریعے ووٹ دینا کہا جاتا ہے۔ اس کے لیے پہلے ایک ووٹنگ پراکسی کے تقرر کا فارم (Appointment for Voting Proxy) پُر کریں۔ اس کے بعد، انتخابات کے دن شام 5 بجے سے پہلے اس فارم کی تصدیق سٹی آف Mississauga سے کروا لیں۔

اپنی طرف سے کسی دوسرے شخص کے ذریعے ووٹ ڈلوانے کے لیے آپ کو درج ذیل کام کرنے ہوں گے:

- آپ اور وہ شخص جو آپ کی طرف سے ووٹ ڈالے گا، دونوں ووٹنگ پراکسی کے تقرر کا فارم پُر کریں گے۔
- جو شخص آپ کی طرف سے ووٹ ڈالے گا، اس کے لیے Mississauga میں ووٹ ڈالنے کا اہل ہونا ضروری ہے۔
- آپ کو تصدیق کروانے کے لیے آخری تاریخ سے پہلے یہ مکمل شدہ پراکسی فارم سٹی آف Mississauga کے پاس لانا ہو گا۔

## اپنی کمیونٹی کا حصہ بنیں

ووٹ ڈالنا اپنی کمیونٹی میں حصہ لینے کا ایک آسان مگر مؤثر طریقہ ہے۔ اگر آپ ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں، تو انتخابات کے بارے میں معلومات حاصل کریں، اپنی معلومات کی تصدیق کروائیں اور ووٹ ڈالنے کا منصوبہ بنائیں۔

## مزید جانیں

2026 کے بلدیاتی انتخابات میں ووٹ ڈالنے سے متعلق مزید معلومات حاصل کریں، جن میں یہ شامل ہیں کہ کون ووٹ ڈال سکتا ہے، کن شناختی دستاویزات کی ضرورت ہے، ووٹ ڈالنے کے مقامات، بذریعہ پراکسی ووٹ ڈلوانا، رسائی کے قابل ووٹنگ کی سہولیات اور اہم تاریخیں۔ 2026 کے بلدیاتی انتخابات کے بارے میں مزید پڑھیں۔

میڈیا کنٹیکٹ:
City of Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200, ext. 5232
TTY: 905-896-5151